اپنی معلومات کو آن لائن ڈھونڈیں

جائزہ

آپ نے یہ بات سنی ہی ہوگی کہ اپنی پرائیویسی اور آن لائن شائع کی ہوئی معلومات کی حفاظت کرنا کتنا ضروری ہے- آپ کو شاید یہ بات پتہ ہوگی کہ اپنی پرائیویسی اور آن لائن شائع کی ہوئی معلومات کی حفاظت کرنا کتنا ضروری ہے- اس کا مظاہرہ کرنے کے لیئے ہم کچھ نیا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ہم آپ کو عوامی طور پر موجود آپ کی اپنی معلومات کے بارے میں تحقیق کرنا اور اسے ڈھونڈنا سکھائیں گے- یہ طریقہ کار OSINT (Open Source Intelligence) کہلاتا ہے- اس کا مطلب ہے کہ آن لائن عوامی وسائل کے ذریعے اس بات کی تحقیق کرنا کہ وہاں کسی کمپیوٹر آئی پی ایڈریس، کسی تنظیم یا آپ جیسے کسی شخص کے بارے میں کتنی معلومات مل سکتی ہیں- آپ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ سائبر حملہ آور ان ہی اوزار اور طریقوں کا استعمال کرتے ہیں- حملہ آور جتنا زیادہ آپ کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے اتنا ہی بہتر مخصوص حملہ تخلیق کر سکتے ہیں- یہ تصوّر کئی سالوں سے موجود ہے لیکن جدید آن لائن آلات کی بدولت یہ کام اب کافی آسان ہو گیا ہے-

معلومات کو کس طرح ڈھونڈیں؟

آپ کو تمام معلومات ایک ویب سائٹ پر نہیں ملیں گی- آپ ایک ویب سائٹ سے شروع کریں، وہاں سے کچھ معلومات اکٹھی کریں اور پھر ان معلومات کو استعمال کرتے ہوئے مزید ویب سائٹس سے معلومات حاصل کریں- پھر آپ ان تمام معلومات کو اکٹھا کر کے اپنے ہدف کی ایک پروفائل بنائیں- شروع کرنے کے لیئے ایک اچھی جگہ سرچ انجنز ہو سکتے ہیں جیسے کہ Bing ، Google یا DuckDuckGo - ان میں سے ہر ایک کے پاس آپ سے متعلق مختلف معلومات ذخیرہ ہوئی ہوتی ہیں اس لیئے آپ ایک سے زیادہ سرچ انجنز کے ذریعے معلومات ڈھونڈنا شروع کریں- آپ اس کی ابتدا اپنا نام کوٹس («») میں لکھ کر کریں لیکن اس کے بعد اپنی تلاش کے دائرے کو بڑھاتے ہوئے آپریٹرز کا استعمال کریں- آپریٹرز وہ خاص علامات یا الفاظ ہوتے ہیں جنہیں استعمال کر کے آپ اپنے ڈھونڈنے کے عمل کو کافی مخصوص کر دیتے ہیں- یہ اس صورت میں کافی مددگار ثابت ہوتا ہے جب آپ کا نام بہت عام ہو، اس صورت میں آپ کو مزید معلومات کا اضافہ کرنا پڑتا ہے جیسے کہ آپ کا ای میل ایڈریس یا آپ کے شہر کا نام جہاں آپ رہ رہے ہیں- آپ آپریٹرز اور ڈھونڈنے کے جدید طریقوں کے بارے میں مزید معلومات وسائل کے آخری حصّے سے حاصل کر سکتے ہیں- مندرجہ ذیل مثالیں ملاحظہ کریں:

- “FirstName LastName” > اس شخص کے بارے میں مجھے آن لائن کیا معلومات مل سکتی ہیں
- “Firstname Lastname@” > اس شخص کے نام کے ساتھ جڑے ممکنہ ای میل ایڈریس ڈھونڈیں
- “Firstname lastname” filetype:doc > کسی بھی ورڈ کی دستاویز کو ڈھونڈیں جس میں اس شخص کا نام شامل ہو

کچھ ایسی بھی ویب سائٹس موجود ہیں جن کے ذریعے آپ صرف لوگوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں- آپ ان ویب سائٹس کے ذریعے دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کے بارے میں آن لائن کیا معلومات موجود ہیں- آپ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ یہ ویب سائٹس ہمیشہ درست نہیں ہوتی ہیں یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ کسی خاص ملک سے متعلق ہوں- ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنی ڈھونڈی ہوئی معلومات کی تصدیق کئی دوسری ویب سائٹس کے ذریعے کرنی پڑے جیسے کہ:

- https://pipl.com
- https://cubib.com
- https://familytreenow.com

آخری بات یہ کہ آپ بہت ساری دوسری ویب سائٹس کے ذریعے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں جیسے کہ گوگل امیجز، گوگل میپس، سوشل میڈیا سائٹس اور اس جیسی دوسری ویب سائٹس- اس طرح کی ویب سائٹس کی فہرست کے لیئے ہمارا مشورہ ہے کہ آپ OSINT فریم ورک کا https://osintframework.com کے ذریعے مطالعہ کریں-

اپنے آپ کو آن لائن کیوں ڈھونڈیں؟

۱. آپ کو علم ہونا چاہیئے کہ آپ کے بارے میں دوسرے لوگوں اور تنظیموں نے کیا معلومات آن لائن اکٹھا کی ہیں، شائع کی ہیں یا ان کا اشتراک کیا ہے (جیسے کہ مساجد، عبادت گاہوں، کھیل کے کلب یا دوسری سماجی ویب سائٹس پر)-

۲. آپ اس بات کو سمجھیں کہ یہ تمام وسائل ہر کسی کے لیئے دستیاب ہیں بشمول سائبر مجرمان کے، جو ان معلومات کو استعمال کر کے آپ کو نشانہ بنا سکتے ہیں- آپ مشکوک رہیں- مثال کے طور پر اگر آپ کو کسی کی کال آتی ہے اور وہ شدید عجلت میں آپ کو کہتا ہے کہ وہ آپ کے بینک سے ہے تو صرف اس لیئے کہ اس کے پاس آپ کی کچھ بنیادی معلومات موجود ہیں، یہ بات ثابت نہیں ہوتی ہے کہ وہ آپ کے بینک سے ہی ہے- اس موقع پر آپ کو نرم لہجے میں بات کرتے ہوئے فون رکھ دینا چاہیئے اور پھر اپنے بینک کو ان کے جانے پہچانے اصل نمبر پر کال کر کے تصدیق کرنی چاہیئے کہ وہ کال انہوں نے ہی کی تھی- ای میل کے ساتھ بھی بالکل ایسا ہی ہے، صرف اس لیئے کہ کوئی آپ کو ای میل میں آپ کے بارے میں کچھ حقائق بیان کر رہا ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ ای میل اس شخص یا تنظیم کی جانب سے آئی ہے جس کا وہ دعوہ کر رہے ہیں-

۳. آپ کسی بھی معلومات کا عوامی طور پر اشتراک کرنے سے پہلے سوچیں کہ اس کے آپ پر، آپ کے خاندان پر اور آپ کے آجر پر کیا اثرات مرتب ہوں گے-

اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو 'لائک' کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں-

مہمان مُدیر

نیکو ڈیکینز OSINT (@dutch_osintguy) میں مہارت رکھتے ہیں- ان کی تمام تر زندگی سائبر انٹیلیجنس کی معلومات اکٹھا کرنے اور اس کا تجزیہ کرنے کے گرد گھومتی ہے- نیکو ایک بین الاقوامی لیکچرر ہیں اور وہ فارچون فائیو ہنڈریڈ کمپنیز اور گورنمنٹس میں IoT ، OSINT اور آپریشنز سکیورٹی کے موضوع پر لیکچر دیتے ہیں-

وسائل:

سوشل انجینرنگ: https://www.sans.org/u/LW6
سوشل میڈیا سات متعلق اہم تجاویز: https://www.sans.org/u/LWb
سرچ انجن آپریٹرز: https://support.google.com/websearch/answer/2466433
OSINT فریم ورک: https://osintframework.com/
SANS OSINT Course SEC487: https://www.sans.org/u/LWZ